# The City School

Unified End of Year Examinations 2017-18

I AM - TO LEARN
Since 1978

| | |
|---|---|
| SCHOOL NAME | |
| INDEX NUMBER | |

**URDU** **May 2018**

**CLASS 6** **2 hours**

مندرجہ ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیں:

۱۔ پرچہ حل کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ آپ تمام سوالات کو غور سے پڑھیں۔

۲۔ پرچہ دینے سے پہلے ایک مرتبہ اچھی طرح پڑھ لیں۔

۳۔ پرچہ دینے سے پہلے اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ آپ نے اسکول کا نام اور اپنا فہرست نمبر لکھ لیا ہے۔

۴۔ صفائی اور خوش خطی کا خیال رکھیں۔

۵۔ تمام سوالات حل کرنا ضروری ہیں۔

-------------------------حصہ برائے ممتحن-------------------------

| | تفہیم | قواعد و انشا پردازی | کل نمبر | فیصد | گریڈ |
|---|---|---|---|---|---|
| کل نمبر | ۵۰ | ۵۰ | ۱۰۰ | | |
| حاصل کردہ نمبر | | | | | |

دستخط نگران-------------- دستخط جانچ کنندہ-------------- دستخط ممتحن--------------

## حصہ اوّل

**تفہیم و ادبیات** — **کل نمبر ۵۰**

**عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔**

اِس صدی کی ابتدا سے ہی کی ایک نیا لفظ گلوبل ویلیج' سننے کو مل رہا ہے۔ یعنی دُنیا سمٹ کر ایک چھوٹا جزیرہ بن گئی۔ میڈیا یعنی ذرائع ابلاغ اِس قدر تیز ہو چکے ہیں کہ دُنیا کے کسی بھی ملک میں ہونے والا واقعہ، حادثہ یا کوئی تبدیلی صرف چند لمحوں میں دُنیا بھر کے علم میں آجاتی ہے۔ آج کے ترقی یافتہ دور میں سیٹلائٹ اور انٹرنیٹ کی سہولت نے ذرائع اطلاعات و نشریات کو انتہائی تیز رفتار شکل دے دی ہے۔ فاصلے سمٹ کر ختم ہو گئے ہیں، رابطے اتنے آسان ہو گئے ہیں کہ پہلے جو خبر اخبارات اور ریڈیو کے ذریعے لوگوں تک پہنچتی تھی اب چند لمحوں کی بات بن گئی ہے۔ ہمارے ملک میں بھی میڈیا بہت تیزی اور آزادی سے ترقی کر رہا ہے۔ عوام کو باخبر اور باشعور بنانا ایک مشکل ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو نبھانا اُس سے بھی بڑی اور بھاری ذمہ داری ہے۔ عوام میں بد امنی، مایوسی، بد گمانی اور نفرت کو ہوا دینا کسی بھی طرح مناسب نہیں۔ آگاہی، شعور اور خبر دینا 'اہم' بات ہے مگر امن و سکون بر قرار رکھنا' اہم ترین' بات ہے۔ دُنیا بھر کے ترقی یافتہ ممالک کے میڈیا کو دیکھیں کہ وہ اپنے ملک اور عوام کے مفاد کے خلاف کوئی بات نہیں کرتے حتٰی کہ ایسی خبریں اور اطلاعات جو عوام میں بے چینی پیدا کریں، خواہ وہ کتنی ہی اہم کیوں نہ ہوں، وہ اُنہیں چھپا لیتے ہیں، جبکہ پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک کی صورتحال اس کے بالکل بر عکس ہے جو ایک غیر ذمہ دارانہ طرزِ عمل ہے، ہر صحافی اور ہر ادارے کا اولین فرض ہے کہ وہ ملکی اور عوامی مفاد کو اپنی سب سے پہلی ترجیح رکھے۔ تنقید ضرور ہو مگر مثبت جس سے حکومت کو اصلاح کا موقع ملے اور عوام کو آگاہی حاصل ہو۔ میڈیا ایک ایسا طاقت ور ہتھیار ہے جو عوام کی رائے بدلنے کا کام کرتا ہے البتہ عوام کی فلاح اور ترقی کا انحصار اس ہتھیار یعنی میڈیا پر نہیں بلکہ اُن ہاتھوں اور دماغوں پر ہے جنھوں نے اُس ہتھیار کو استعمال کرنا ہے۔ آزادی ایک خوب صورت احساس اور دِل نشیں لفظ ہے۔ اس آزادی کی کچھ حدود ہیں، ان کا احترام اور پابندی لازمی ہے ورنہ یہی آزادی دوسروں کی حق تلفی بن کر بے راہ روی کے راستے پر چل پڑتی ہے۔ موجودہ دور میں ہر پاکستانی کو آزادی اور بے راہ روی کے فرق کو سمجھنا ہوگا ورنہ ہم اپنے پیشہ وارانہ فرائض سے غفلت برتنے کے مرتکب ہو سکتے ہیں۔

س ۱۔ اِس صدی میں کون سا نیا لفظ متعارف ہوا اور اِس کا دُنیا پر کیا اثر ہوا؟ [۲]

ج ________________________________________

________________________________________

س ۲۔ کچھ عرصہ قبل ذرائع ابلاغ کہاں تک محدود تھے؟ [۲]

ج ________________________________________

س ۳۔ آج کل رابطے اتنے آسان اور تیز رفتار کیسے ہو گئے ہیں؟ [۲]

ج ________________________________________

________________________________________

س ۴۔ تفہیم کے مطابق میڈیا کی اہم ذمہ داری کیا ہے؟ [۲]

ج ________________________________________

________________________________________

س ۵۔ ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے میڈیا میں کیا فرق ہے؟ [۲]

ج ________________________________________

________________________________________

س ۶۔ اِس تفہیم میں مصنف نے کس قسم کی تنقید کو معیاری قرار دیا ہے؟ [۲]

ج ________________________________________

________________________________________

س۷۔ مصنف نے کس قسم کے ہتھیار کو عوام کی فلاح اور ترقی کا ضامن قرار دیا ہے؟ [۲]

ج ______________________________

______________________________

س۸۔ آزادی کا احترام اور پابندی کیوں ضروری ہے؟ [۲]

ج ______________________________

______________________________

س۹۔ دیے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ [۳]

ذرائع: ______________________________

______________________________

مفاد: ______________________________

______________________________

آگاہی: ______________________________

______________________________

س۱۰۔ مندرجہ بالا عبارت کی مدد دیے گئے سابقوں سے الفاظ بنائیے۔ [۳]

| سابقے | الفاظ | سابقے | الفاظ |
|---|---|---|---|
| با | | دل | |
| بد | | | |

س ۱۱۔ درج ذیل الفاظ کا انگریزی میں ترجمہ لکھئے۔ [۳]

آزادی ____________ احترام ____________

طاقت ور ____________

س ۱۲: درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

الف۔ ڈولفن کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔ [۲]

______________________________

______________________________

ب۔ اژدھے کا پہلا شکار کون اور کیوں بنا؟ [۲]

______________________________

______________________________

ج۔ امریکی خلاباز آرم اسٹرانگ نے چاند پر پہلا قدم رکھا تو کیا کہا؟ [۲]

______________________________

______________________________

د۔ سبق 'اُٹھائی گیر' میں آپ کو کس موڑ پر بیوی کے ارادے کی اصلیت معلوم ہوئی؟ [۲]

______________________________

______________________________

ہ۔ نظم ''نعت''میں نورِ آفتاب کسے کہا گیا ہے اور ''نورِ آفتاب'' سے کیا مراد ہے؟ [۲]

_______________________________________________

_______________________________________________

س۱۳: نظم 'ہمدردی' کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ [۳]

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________________________________

س۱۴: دیئے گئے اشعار کی تشریح بمعہ حوالہ تحریر کیجئے۔ [۲]

جس نے برس کے دہر کو شاداب کر دیا
رحمت کا وہ سحاب رسالت مآبؐ ہیں

خوش بو سے جس کی سارا زمانہ مہک گیا
وہ جاں فزا گلاب رسالت مآبؐ ہیں

حوالہ: _______________________________________________

_______________________________________________

تشریح: _______________________________________________

_______________________________________________

س۱۵: درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (حدِ الفاظ ۷۰ سے ۸۰) [۶]

ا۔ سندھ کی اندھی ڈولفن یا ب۔ خونی اژدھا

## حصہ دوم

**قواعد و انشا پردازی** — **کل نمبر ۵۰**

**س۱۶۔ قوسین میں دیے گئے الفاظ کے مترادف لکھ کر عبارت مکمل کیجیے۔** [۲]

احمد کی (آرزو) ____________ تھی کہ وہ اپنا گھر خریدے۔ جس کو پورا کرنے کے لیے اُس نے دن رات محنت کی۔ دن رات محنت کرنے کی وجہ سے وہ بیمار ہو گیا۔ اُس کے (معالج) ____________ نے اُسے کچھ دن آرام کرنے کا مشورہ دیا۔

**س۱۷۔ واحد الفاظ کے جمع تحریر کیجئے۔** [۴]

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| لُغت | | سامع | |
| تعمیر | | مطالبہ | |

**س۱۸۔ خط کشیدہ الفاظ کے متضاد لکھ کر جملے مکمل کیجئے۔** [۲]

ا۔ اسلام میں اعلیٰ اور ____________ میں کوئی فرق نہیں۔

ب۔ نماز کافر اور ____________ میں فرق کرتی ہے۔

س۱۹۔ قوسین میں دیے گئے مذکر الفاظ کے درست مونث تحریر کر کے عبارت مکمل کریں۔ [۲]

ایک گاؤں میں ایک (نواب) ________ اپنے (نواسے) ________ کے ساتھ رہتا تھا۔ ایک دن ان کا (عزیز) ________ اپنے (ملازم) ________ کے ساتھ اُن کے ہاں آیا۔ اُس نے بتایا کہ ساتھ والے گاؤں میں چوری ہو گئی ہے۔

س۲۰۔ ضرب الامثال کے مفاہیم تحریر کیجیے۔ [۲]

الف۔ تین میں نہ تیرہ میں۔ ________________________

ب۔ بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔ ________________________

س۲۱۔ دیے گئے محاورات کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ اُن کا مفہوم واضح ہو جائے۔ [۲]

خون خشک ہونا: ________________________

________________________

چھکے چھوٹ جانا: ________________________

________________________

س۲۲۔ درجِ ذیل خالی جگہیں مناسب تشبیہات کی مدد سے مکمل کیجیے۔ [۳]

الف۔ چاند کی طرح ________

ب۔ چٹان کی طرح ________

ج۔ سمندر کی طرح ________

س۲۳۔ درج ذیل عبارت کو مناسب رموزِ اوقاف کی مدد سے مکمل کریں۔ [۳]

شیر نے لومڑی سے کہا کیا آپ میری مہمان بننا پسند فرمائیں گی لومڑی نے کہا میں ابھی کچھ دن اور زندہ رہنا چاہتی ہوں

س۲۴۔ درجِ ذیل انگریزی عبارت کا اُردو ترجمہ تحریر کیجیے۔ [۵]

There were lots of shops of eatables and toys at the city fair. Hina was tempted to eat fruit chat but her brother stopped her from eating it and said, Look! There is a lot of dust around. It is not clean. Do not eat it."

س۲۵۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کیجیے۔ [۱۵]

الف۔ صفائی نصف ایمان ہے

یا

ب۔ کاش اُس دن میرے پاس موبائل نہ ہوتا

س۲۶: فرض کیجیے آپ نے ایک ہفتہ کسی خوبصورت شہر میں گزارا، اپنے چھوٹے بھائی کو ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل خط کے ذریعے اُس شہر کی معلومات فراہم کریں۔ [۱۰]

یا

کمپیوٹر کا بے جا استعمال وقت کا ضیاع ہے۔ ۱۲۵ الفاظ پر مشتمل اُستاد اور شاگرد مکالمہ تحریر کیجیے۔